آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

دفتر ڈائریکٹر جنرل کمرشل برقیات مظفرآباد

ٹینڈر نوٹس

محکمہ برقیات آزاد جموں وکشمیر کو AJK Public Procurement Rules, 2017 کے پیرا(a)-36 (Single Stage-One Envelop Procedure) کی روشنی میں مالی سال 2023-24 کیلئے رجسٹرڈ فرموں/ سپلائرز سے طبع شدہ بل فارمز (A-4 سائز 80 گرام امپورٹیڈ) برائے صارفین بجلی کی خریداری کیلئے مظفرآباد، راولاکوٹ، کوٹلی اور میرپور کی بنیاد پر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ ٹینڈر میں شمولیت کے خواہش مند پارٹیز ذاتی طور یا اپنے نمائندگان کے ذریعے بل فارمز کا مکمل نمونہ وٹینڈر ڈاکومنٹ دفتر ہذا سے حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹینڈر مورخہ 03-11-2023 بوقت 10 بجے دن دفتر ہذا میں موصول ہو جانے چاہیں۔ موصولہ ٹینڈر اسی روز 10:30 بجے دن موجود ٹینڈر دھندگان/نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر ڈاکومنٹ مبلغ -/2500 روپے نا قابل قابل واپسی کے عوض مورخہ 02-11-2023 تک دوران دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ شرائط بذیل ہیں:

۱۔ ٹینڈر کے ہمراہ مبلغ -/1000000 روپے کی کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل کمرشل برقیات مظفرآباد فراہم کرنا ہوگی۔

۲۔ ٹینڈر دھندگان کو ٹینڈر کے ہمراہ انکم ٹیکس اور GST رجسٹریشن کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔

۳۔ ٹینڈر میں دیئے گئے انراخ 30-06-2024 تک موثر ہوں گے۔ کامیاب ٹینڈر دھندہ محکمانہ ضرورت کے مطابق ماہوار بنیادوں پر حسب ضرورت ان ہی انراخ پر دوران عرصہ کمپیوٹر سینٹر ہا برقیات در آزاد کشمیر کو سامان فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔ سپلائی آرڈر ہر ماہ جاری کیا جائے گا جو پرنٹنگ اینڈ سٹیشنری ڈیپارٹمنٹ مظفرآباد کی NOC سے مشروط ہوگا۔

۴۔ ٹینڈر فارم میں نرخ بشمول جملہ واجب الادا مروجہ ٹیکسز دینے ہوں گے۔

۵۔ ٹینڈر میں درج کاغذ کا مہر شدہ نمونہ بھی ٹینڈر کے ہمراہ شامل کرنا ہوں گے۔ بغیر نمونہ کاغذ ٹینڈر نا قابل قبول ہوگا۔

۶۔ سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد اندر 5 ایام مطلوبہ بل فارمز مظفرآباد، راولاکوٹ، کوٹلی اور میرپور کمپیوٹر سینٹر برقیات پہنچانا ہوں گے۔ سامان کی مکمل ڈیلیوری (بشمول لوڈنگ/ان لوڈنگ) کی ذمہ داری متعلقہ سپلائر کی ہوگی۔

۷۔ وصول ہونے والے سامان کا بل پرتال کمیٹی کی رپورٹ کے بعد بغرض ادائیگی محکمہ حسابات مظفرآباد/ڈسٹرکٹ اکونٹس آفیسر میرپور کو ارسال کیا جائے گا۔

۸۔ بل سے تحت قواعد جملہ مروجہ ٹیکسز کی کٹوتی کی جائے گی۔ آڈٹ لوازمات کیلئے جملہ مروجہ ٹیکسز بل سے وضع ہوں گے۔ اس بارہ میں کسی بھی سپلائر کا کوئی جواب/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

۹۔ اتھارٹی/انسپکشن کمیٹی کو سپلائی ہونے والے بل فارمز کا بمطابق نمونہ وکوالٹی اطمینان نہ ہونے کی بناء پر بل فارمز کو مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ مسترد شدہ بل فارمز متعلقہ سپلائر اپنے اخراجات پر تبدیل کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۰۔ بلیک لسٹ فرمیں/سپلائرز/ڈیلرز متذکرہ ٹینڈر میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے نیز بلیک لسٹ نہ ہونے کی بیان حلفی ٹینڈر کے ہمراہ شامل کرنا ہوگی کہ وہ نہ تو بلیک لسٹ ہیں اور نہ ہی آزاد جموں وکشمیر، وفاق کے زیر انتظام علاقوں یا اسلامی جمہوریہ پاکستان کے علاقے میں کہیں بھی حکومت کے ساتھ متصادم ہیں۔

۱۱۔ مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

۱۲۔ ٹینڈر فارم کے ہمراہ متذکرہ کام کے حوالہ سے عرصہ 2 سال کے دوران کئے گئے کام کا پرفارمنس سرٹیفکیٹ شامل کرنا ہوگا۔

۱۳۔ مجاز اتھارٹی کو موصولہ ٹینڈر کو بمطابق AJK Public Procurement Rules, 2017 منظور/مسترد کرنے کا اختیار ہے۔

۱۴۔ نوٹس ہذا AJ&K PPRA کی ویب سائیٹ (www.ajkppra.gov.pk) پر موجود ہے۔

۱۵۔ مزید معلومات کیلئے ٹیلی فون نمبر 05822-920879, 920622, 920909 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

ڈائریکٹر جنرل

کمرشل برقیات مظفرآباد